**12.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ شمیم احمد

**Music**

---

☆ حکومت نے 2027میں کی جانے والی مردم شماری کیلئے 11ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ کا بجٹ منظور کیا ہے۔

☆ مرکزی کابینہ نے 2026کے موسم کیلئے، ناریل کی زیادہ سے زیادہ امدادی قیمت میں 445روپے فی کوئنٹل کا اضافہ کیا ہے۔ اُس نے کوئلہ مختص پالیسی CoalSETU میں اصلاحات کی بھی منظوری دی ہے۔

☆ سکم قانون ساز اسمبلی نے 12برادریوں کو، درجِ فہرست قبیلوں کا درجہ دیا ہے۔

☆ ہوا کی کوالٹی کے بندوبست سے متعلق کمیشن نے دلّی NCR میں گاڑیوں سے ہونے والی آلودگی پر قابو پانے کےمقصدسے ایک حکمت عملی تیار کرنے کیلئے، IIT مدراس کے پروفیسر کے تحت ماہر کمیٹی تشکیل دی ہے۔

☆ 19سال تک کے عمر والے ایشیا کپ کرکٹ میں بھارت نے دُبئی میں پہلے میچ میں متحدہ عرب امارات کو 234رن سے شکست دی۔

☆ اور اسکویش عالمی کپ میں بھارت، چنئی میں جنوبی افریقہ کو ہرا کر سیمی فائنل میں داخل ہوگیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Cabinet Census**

مرکزی کابینہ نے 2027میں کی جانے والی مردم شماری کیلئے 11ہزار 718 کروڑ روپے کے بجٹ کو منظوری دی ہے۔ آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ 2027 کی مردم شماری، دو مرحلوں میں کرائی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ 2027 کی مردم شماری، سیریز کے تحت سولہویں، اور آزادی کے بعد سے آٹھویں مردم شماری ہوگی۔

**S/B 2045 Vaishnaw on Sensus**

جناب ویشنو نے کہا کہ 2027 کی مردم شماری میں ’ذات‘ کی مردم شماری بھی شامل کی جائے گی جو ابھی تک کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری ہوگی۔ موبائل ایپلی کیشن کا استعمال کرتے ہوئے، جو اعداد وشمار اکٹھا ہوں گے، وہ Android اور IOS ورژن دونوں میں دستیاب ہوں گے۔

جناب ویشنو نے کہا کہ اس مشق میں 30لاکھ کارکن سرگرم رہیں گے، 2027 کی مردم شماری میں ملک کی پوری آبادی کو شامل کیا جائے گا۔

وزیر موصوف نے یہ بھی اعلان کیا کہ کابینہ نے کوئلے سے متعلق پالیسی میں اصلاحات کی بھی منظوری دی ہے، جنھیں CoalSETU کا نام دیا گیا ہے۔ اِس پالیسی کے تحت نیلامی کی بنیاد پر کوئلہ کانوں کو مختص کرنے کی اجازت دی جائے گی، جو صنعتی استعمال اور برآمد کیلئے طویل مدتی ہوگی۔

ناریل کے بُرادے کیلئے 2026 کے سیزن کیلئے پچھلے سیزن کے مقابلے، ایم ایس پی 445روپے فی کوئنٹل اور ثابت ناریل کیلئے 400روپے فی کوئنٹل مقرر کی گئی ہے۔x

## LS Airfare

شہری ہوا بازی کے وزیر کے–رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ حکومت، ملک میں طیارہ سازی کا ایک پروگرام شروع کرنے والی ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ ملک میں، ہوا بازی کے شعبے میں بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کیلئے، بھارت میں ہی تیار کئے گئے ہوائی جہاز ہونے چاہئیں۔ انھوں نے کہا کہ ہندوستان ایروناٹکس لمیٹڈ، روس کی طیارہ کمپنی Sukhoi SJ 100 کے ساتھ، ایسی ٹیکنالوجیز حاصل کرنے کے امکانات تلاش کر رہی ہے، جس کی مدد سے ملک میں ہی ہوائی جہاز تیار کئے جاسکیں۔ ملک میں ہوائی جہاز کے کرایوں کی ضابطہ کاری سے متعلق موزوں اقدامات کے بارے میں ایک رکن کی قرارداد کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ طیاروں کی دستیابی ایک سنجیدہ معاملہ ہے کیونکہ یہ ہوائی جہاز کچھ عالمی کمپنیاں تیار کر رہی ہیں۔ وزیر موصوف نے یہ جواب، ملک میں ہوائی جہاز کے بڑھتے ہوئے کرایوں پر ارکان پارلیمنٹ کی تشویش کے تحت دیا ہے۔x

## LS Railway

حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں ریل حادثات میں 90فیصد کمی آئی ہے۔ ریلویز کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے راجیہ سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں کہا کہ 2004 سے 2014 کے درمیان ریل حادثات، ایک ہزار 711 تھے، جو 2024-25 میں کم ہوکر 31رہ گئے اور اِن میں 2025-26 میں مزید کمی آئی اور ان کی تعداد محض 11رہ گئی۔

آج راجیہ سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں جناب ویشنو نے کہا کہ ریلوے، ریلوے پروٹیکشن فورس، GRP اور سول پولیس کے اہلکار، حادثات کے اندیشہ والی جگہوں اور حساس سیکشنوں پر مشترکہ طور پر لگاتار گشت کر رہے ہیں، تاکہ حادثات کو روکا جاسکے۔x

## Supplementary Demand

لوک سبھا نے آج گرانٹس کے ذیلی مطالبات 2025-26 کے پہلے Batch اور مطالباتِ زرنمبر چار سے متعلق بل 2025 کو بحث کیلئے منظور کیا۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے غور و خوض اور منظوری کیلئے یہ بل

پیش کیا۔ اِس بل کے تحت مالی برس 2025-26 کی سروسز کیلئے Consolidated فنڈز سے کچھ رقومات کی ادائیگی اور مطالباتِ زر کی مانگ کی گئی ہے۔ x

## MEA PM Three Nation Visit

وزیر اعظم نریندر مودی، اِس ماہ کی 15 تاریخ سے اُردن، ایتھوپیا اور عُمان کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے وزارت خارجہ میں سکریٹری برائے جنوب ڈاکٹر نینا ملہوترا نے بتایا کہ اُردن کے شاہ عبد اللہ دوئم بن الحسین کی دعوت پر وزیر اعظم 15دسمبر سے 16دسمبر تک اُردن کا دورہ کریں گے۔ محترمہ نینا ملہوترا نے بتایا کہ یہ وزیر اعظم مودی کا اردن کا پہلا دورہ ہوگا، جو دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75ویں سال کے موقع پر ہو رہا ہے۔ڈاکٹر ملہوترا نے بتایا کہ وزیر اعظم، 16اور 17دسمبر ایتھوپیا جائیں گے، جس سے جنوب–جنوب تعاون کو مزید مستحکم کرنے کی جانب بھارت کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ انہوں نے یہ اطلاع بھی دی کہ وزیر اعظم ایتھوپیا میں اپنے ہم منصب ڈاکٹر عابی احمد علی سے باہمی اور وفد کی سطح کے مذاکرات بھی کریں گے۔ اِس ماہ کی 17اور 18تاریخ کو عُمان کے وزیر اعظم کے دورے کے بارے میں اطلاع فراہم کرتے ہوئے سیکریٹری برائے CPV & OIA، ارون کمار چٹرجی نے بتایا کہ وزیر اعظم کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی جائے گا۔ جناب چٹرجی نے بتایا کہ عمان کے وزیر اعظم کے دورے کے دوران کئی دستاویزات پر دستخط کیے جانے کی امید ہے۔ x

## Sikkim Scheduled Tribe

سکّم قانون ساز اسمبلی نے آج اتفاقِ رائے سے ایک تجویز کو منظور کیا، جس کے تحت 12فرقوں کو درج فہرست قبائل ST کا درجہ دیا گیا ہے۔ ایوان نے سکّم کی حکومت کی تشکیل کردہ اعلیٰ سطح کی ایک کمیٹی کی جانب سے حال ہی میں پیش کردہ تفصیلی رپورٹ میں شامل سفارشات کو منظوری دے دی۔ اِس قدم سے سکّم کے اِن 12فرقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو درج فہرست قبائل کا حق اور سرکاری فوائد بہم پہنچانے کو یقینی بنانے میں مدد لے گی۔ ایوان نے اتفاقِ رائے سے اعتماد ظاہر کیا کہ یہ قدم، سکّم کے تمام فرقوں کیلئے منصفانہ مواقع اور معاشرتی سکیورٹی بہم پہنچانے کو یقینی بنانے کی جانب ایک بڑا سنگ میل ثابت ہوگا۔ x

## Finance Grivance Redressal

خزانے کی وزارت نے بینکنگ، مالی خدمات اور بیمہ BFSI شعبے میں، شکایات کو دور کرنے کے نظام کو مستحکم کرنے اور اِسے بلارکاوٹ بنانے کا اعلان کیا ہے۔ اِس نظام کے ذریعے شہری BFSI شعبوں کے خلاف اپنی تشویش براہِ راست ظاہر کرسکتے ہیں، جس سے مالی شعبے میں صارفین میں اور زیادہ اعتماد پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔سبھی بینکوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ایک ایسا نظام تیار کریں جس کے تحت Voice Chat، ای–میل، QR کوڈ وغیرہ کے ذریعے، ٹیکنالوجی کی مدد سے صارفین خدمات کے بارے میں رائے حاصل کی جاسکے، تاکہ اِس

بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ سرکاری شعبے کے بینکوں کی شاخوں کا عملہ، صارفین اور بینک آنے والے لوگوں کو اعلیٰ ترین سطح کی خدمات فراہم کرسکے۔x

## NCAER Skilled Labour

Applied اقتصادی تحقیق کی قومی کونسل، NCAER نے کہا ہے کہ بھارت میں مہارتوں سے لیس اقتصادی سوچ اور چھوٹے کاروباری اداروں کی پیداواریت میں اضافہ نظر آرہا ہے، جس سے ملک میں روزگار کی خاطر خواہ ترقی کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ وزارت خزانہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ Applied اقتصادی تحقیق کی قومی کونسل کے وائس چیئرمین منیش سَبّروال نے کل ایک تحقیقی مطالعہ جاری کیا ہے، جس کا عنوان ہے : 'بھارت کے روزگار کے امکانات : ملازمتوں کیلئے راہ'۔ جناب سَبّروال نے کہا کہ بھارت، دنیا کی تیسری بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے اور اُس کی فی کس مجموعی گھریلو پیداوار اُن گرانقدر مواقع کو اجاگر کرتی ہے، جس میں روزگار اور سب کی شمولیت والی ترقی کو ترجیح دی گئی ہے۔ x

## EC SROs

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال، تمل ناڈو، اترپردیش اور کیرالہ سمیت آٹھ ریاستوں میں انتخابی فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کیلئے خصوصی فہرستوں کے مشاہدین SROs مقرر کئے ہیں۔ انتخابی ادارے نے کہا کہ SROs نے اپنا کام شروع کردیا ہے اور امید ہے کہ اِن ریاستوں میں یہ لوگ ہر ہفتے دو دن موجود رہیں گے، جب تک کہ فروری 2026 میں چناؤ فہرستوں کا حتمی کام شائع نہ ہوجائے۔ EC نے کہا کہ SROs سبھی قومی اور ریاستی سیاسی پارٹیوں کی، ریاستی اور ضلع سطح کی قیادت کے ساتھ میٹنگز منعقد کریں گے۔ SROs اِن ریاستوں کے CEOs اور DEOs کے ساتھ یا تو خود یا ورچوئل وسیلے سے میٹنگ میں شرکت کریں تاکہ یہ پورا عمل خوش اسلوبی، شفافیت اور سب کی شمولیت کی شکل میں مکمل ہوجائے۔ یہ لوگ SIR کے عمل کا مشاہدہ کریں گے تاکہ کوئی بھی اہل ووٹر، چھوٹ نہ جائے اور نہ ہی کوئی غیر اہل شخص چناؤ فہرست میں شامل ہو۔x

## CAQM Committee

ہوا کی کوالٹی کے بندوبست سے متعلق کمیشن CAQM نے این سی آر اور اِس کے آس پاس کے علاقوں میں ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دی ہے تاکہ گاڑیوں سے نکلنے والی، مضرِ صحت گیسوں میں کمی لانے کیلئے بڑے پیمانے پر ایک کثیر رخی خاکہ تیار کیا جاسکے۔ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی وزارت نے ایک بیان میں بتایا کہ ماہر کمیٹی میں سرکردہ ماہر تعلیم، صحت کے ماہرین، گاڑیوں کے تحقیقی ادارے اور دیگر ماہرین شامل ہیں۔

یہ کمیٹی، گاڑیوں سے ہونے والی فضائی آلودگی پر قابو پانے کی غرض سے ضروری سمجھے جانے پر اضافی اقدامات کی بھی سفارش کرے گی۔ ماہر کمیٹی، دو مہینے کی مدت کے اندر اندر اپنی سفارشات پیش کر دے گی۔ کمیٹی کی پہلی میٹنگ، اِس ماہ کی 15 تاریخ کو ہوگی۔x

**UNESCO Committee**

دلّی کے لال قلعہ پر آج intangible ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلئے یونیسکو کی بین سرکاری کمیٹی کا بیسواں اجلاس ختم ہوگیا۔ اِس تقریب کے اختتام پر خطاب کرتے ہوئے کلچرل سکریٹری وویک اگروال نے کہا کہ ثقافت کے متعلق بھارت کے قدیم اور روایتی تہذیبی تصور نے ایک اجتماعی ورثے کی حیثیت سے ثقافت کے تحفظ اور دنیا کے تحفظ کے اصولوں سے رہنمائی حاصل کی ہے۔ جناب اگروال نے زندہ ثقافت کے تحفظ، فروغ اور جشن کے تئیں ملک کے مضبوط عزم کی ایک بار پر توثیق کی۔x

**BJP Press Conference**

BJP نے آج کانگریس کو ایک ڈوبتا ہوا جہاز قرار دیا اور کہا کہ کٹک کے سابق MLA محمد مقیم جیسے اُن کے لیڈروں کے بیان سے یہ بات ثابت ہوتی ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس میں کانگریس لیڈر کی جانب سے تحریر کردہ ایک خط کا حوالہ دیتے ہوئے BJP کے ترجمان پریم شکلا نے کہا کہ کانگریس کے کئی لیڈر، پارٹی کی گرتی ہوئی قیادت کے بارے میں بار بار اپنی تشویش کا اظہار کرتے رہے ہیں۔

وزیر داخلہ امت شاہ کے انتخابی اصلاحات اور SIR کے معاملے پر پارلیمنٹ میں دیئے گئے بیان کی ستائش کرتے ہوئے جناب شُکلا نے کہا کہ اپوزیشن نے سچ کا سامنا کرنے کے بجائے واک آؤٹ کیا۔ x

**Chhatitisgarh Maoists**

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلعے میں آج 10ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی۔ اِن میں چھ خواتین کاڈر بھی شامل ہیں۔ خود سپردگی کرنے والے ماؤنوازوں پر 33لاکھ روپے کے کُل انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ بَستر رینج کے اِنسپیکٹر جنرل آف پولیس سُندر راج P نے بتایا کہ ماؤنوازوں نے ایک AK-47رائفل، دو SLR رائفلوں، ایک اسٹین گن اور ایک BGL لانچر سمیت اسلحے کی خود سپردگی کی۔ ریاستی سرکار کی باز آبادکاری کی پالیسی کے تحت خود سپردگی کرنے والے ہر کاڈر کو 50ہزار روپے کی رقم بطور incentive مہیا کرائی جاتی ہے۔

ایک رپورٹ

VC Vikalp Shukla

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلعے میں آج جن 10ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی، انھوں نے سُکما کے باز آباد کاری مرکز میں شجر کاری کی ایک مہم میں بھی حصہ لیا۔ نئے پودے لگائے جانے کے اِس مقام کو Vayaan Vatika کہا جاتا ہے، جس کا مطلب ہے 'اُمید اور مستقبل کا باغ'۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

**Cricket U-19 Asia Cup**

بھارت نے دبئی میں آج 19سال سے کم عمر کے مردوں کے ایشیا کپ کے پہلے میچ میں متحدہ عرب

امارات کو 234رن سے ہرایا۔ جیت کیلئے درکار 434رن کیلئے کھیلتے ہوئے متحدہ عرب امارات کی ٹیم، 50اوور میں 7وکٹ پر 199رن ہی بنا سکی۔ Depesh Devendran نے بھارت کی طرف سے سب سے زیادہ 2وکٹ لئے۔اس سے قبل متحدہ عرب امارات نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ بھارت نے 50اوورز میں 6 وکٹ پر 433رن کا بڑا اسکور بنایا۔ Vaibhav سوریہ ونشی نے صرف 95 گیند پر 171رن بنائے۔ x

## Squash

میزبان بھارت نے آج کوارٹر فائنلز میں افریقہ کو تین–صفر سے شکست دے دی۔ بھارت کی جیوتسنا Chinnappa نے جنوبی افریقہ کی Taegan Russell کو سات–چار، سات–چار، سات–دو سے ہرایا۔

بھارت کے ابھیے سنگھ نے کوارٹر فائنلز میں جنوبی افریقہ کے Dewald Van Niekerk کو سات–ایک، سات–چھ، سات–ایک سے شکست دی۔بھارت کے اناہت سنگھ نے جنوبی افریقہ کے Hayley Ward کے خلاف تین–صفر، سات–تین، سات–تین، سات–چار کا اسکور قائم کیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆